*Iḥyāʾ alʿulūm, Vol.:25, Issue,2: July-December 2025*
*PP: 33-43*

**OPEN ACCESS**
*Iḥyāʾ alʿulūm*
*ISSN (Online): 2663-6263*
*ISSN (Print): 2663-6255*
*www.joqs-uok.com*

# پاکستان میں غربت کے خاتمے اور مستحکم معیشت کے امکانات: سیلانی ویلفیئر کی خدمات کا تحقیقی مطالعہ

# *Poverty Alleviation and Prospects for a Stable Economy in Pakistan: Research Study of the Services of Saylani Welfare*

**Dr. Ahmad Raza**
*Assistant Professor, Department of Islamic Thought, History and Culture*
*Allama Iqbal Open University Islamabad, Pakistan*
*Email: ahmad.raza@aiou.edu.pk*

**Mohsin Javed**
*MPhil Scholar, Department of Islamic Thought, History and Culture*
*Allama Iqbal Open University Islamabad, Pakistan*

## Abstract

*Poverty remains one of the most pressing socio-economic challenges in Pakistan, affecting millions of people and hindering sustainable economic development. In response to these challenges, various non-governmental organizations (NGOs) have played an important role in providing social welfare services and supporting vulnerable communities. This research study examines the contribution of Saylani Welfare International Trust in poverty alleviation and its role in promoting prospects for a stable economy in Pakistan. The study analyzes key initiatives undertaken by Saylani Welfare, including food distribution programs, healthcare services, educational support, vocational and IT training, and employment generation schemes. Through these initiatives, the organization aims to empower underprivileged individuals by improving access to basic necessities and enhancing economic opportunities. The research highlights how such welfare programs help reduce poverty, improve living standards, and*

*contribute to human capital development. Furthermore, the study explores the broader economic implications of charitable and welfare organizations in strengthening social safety nets and supporting sustainable development. The findings suggest that Saylani Welfare plays a significant role in complementing government efforts in poverty reduction and socio-economic development. The study concludes that expanding similar welfare initiatives and promoting collaboration between the government, private sector, and non-profit organizations can contribute to long-term economic stability and poverty alleviation in Pakistan.*

***Key Words**: Poverty Alleviation, Prospects, Stable Economy, Pakistan, Services, Saylani Welfare*

دنیا کا کوئی بھی خطہ ہو فلاحی ادارے سماج کی خدمت میں مصروفِ عمل ہیں۔ وطن عزیز پاکستان میں بھی کئی فلاحی ادارے تعلیم، صحت اور متعدد خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ایدھی ویلفیئر ٹرسٹ، المصطفیٰ ٹرسٹ، الخدمت فاؤنڈیشن، اخوت فاؤنڈیشن اور سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ سمیت درجنوں ادارے فلاح و بہبود کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ ہر تنظیم اور ادارہ قابل ستائش ہے لیکن سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ ان سب میں منفرد اور نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ عالمی فلاحی ادارہ ہے۔ یہ 1999ء سے اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے اور ملکی معیشت میں کارہائے نمایاں سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے قیام کا مقصد غریب، نادار اور تنگ دست افراد اور خاندانوں کو بنیادی ضروریات فراہم کرنا ہے۔ ان میں مفت خوراک، راشن کی تقسیم، طبّی امداد، صاف پانی اور تعلیم شامل ہے۔ ان کی تعلیمی خدمات میں سکولز، ووکیشنل ٹریننگ پروگرامز اور جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرامز سرفہرست ہیں۔ یہ ٹرسٹ ہر مہینے فلاحی کاموں میں اربوں روپے خرچ کر رہا ہے۔[1]

سیلانی کے سوشل ویلفیئر پروگراموں کے تحت ووکیشنل ٹریننگ سینٹر چلائے جا رہے ہیں جہاں انھیں مفت ٹیکسٹائل ٹریننگ، بائیک و موبائل سروسز کے علاوہ مائیکرو فنانسنگ، موٹر بائیک، لیپ ٹاپ اور رکشے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ باعزت کاروبار سے اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔ غریب و مستحق افراد کو راشن کی فراہمی کے علاوہ شادیوں پر جہیز کی باعزت فراہمی سیلانی ٹرسٹ کا مشن ہے۔ سماجی خدمات پر سیلانی ٹرسٹ نے 2022 میں دس ارب روپے خرچ کیے اور اس سلسلے میں 15 ارب کے عطیات سے خدمات بڑھانے کا پروگرام ہے اور دنیا بھر سے انھیں یہ عطیات مل رہے ہیں اور ٹرسٹ کی سماجی خدمات بڑھنے سے اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہیں اور خدمات کا جذبہ بھی بڑھ رہا ہے۔ سیلانی ٹرسٹ اس وقت ملک میں چار لاکھ افراد کو خوراک، تعلیم، صاف پانی، علاج اور روزگار کے حصول میں مدد کر رہا ہے اور ہنری تعلیم مکمل

کرا کرا انھیں مختلف اداروں میں ملازمتیں بھی فراہم کراتا ہے۔ شہر میں حصول روزگار کے لیے سیلانی ٹرسٹ نے ضرورت مندوں کو رکشے بھی فراہم کیے ہیں جنھیں چلا کر بے شمار افراد اپنے بچے پال رہے ہیں۔[2]

جن شعبوں میں یہ ٹرسٹ کارہائے نمایاں سرانجام دے رہا ہے ان میں صحت، تعلیم، صدقہ جاریہ، سماجی فلاح وبہبود، ناگہانی آفات میں امداد اور سیلانی احساس پروگرامز شامل ہیں۔ ذیل میں ان سب کو الگ الگ بیان کر کے معیشت میں کردار کو واضح کیا گیا ہے:

### 1۔ سیلانی صحت (Saylani Health)

سیلانی صحت کے تحت چلنے والے شعبہ جات میں سیلانی شعبہ صحت، ماں اور بچے کا حفاظتی مرکز، بلڈ بینک اور تھیلیسیمیا (Thalasssemia) مرکز، طبّی سامان و آلات، حجامہ، لیبارٹری کی سہولت، ایکسرے اور الٹرا ساؤنڈ اور موبائل طبّی سہولت ہے۔ مریضوں کا مفت علاج اور ادویات کی فراہمی غریبوں اور مفلسوں کے لیے نعمت سے کم نہیں۔ سینکڑوں مریض حکومتی اور سرکاری ہسپتالوں کی بجائے سیلانی ٹرسٹ کی صورت میں مستفیض ہو سکتے ہیں۔

### 2۔ سیلانی شعبہ صحت مراکز

اس شعبے میں طبّی اور تشخیصِ امراض مراکز شامل ہیں۔ ان میں بیرونی مریضوں کا شعبہ، ماہرِ امراض کلینک، شوگر اور ہیپٹا ئٹس مرکز، شعبہ امراضِ چشم، دانتوں کا علاج، لیبارٹری ٹیسٹس، فزیو تھراپی، موبائل ہیلتھ کلینکس، قدیم طریقہ علاج حجامہ، ہومیو پیتھی اور حکمت شامل ہیں۔[3]

### 3۔ ماں اور بچے کا حفاظتی مرکز

یہ پروگرام ماں اور بچے کی صحت کی بہتری کے لیے کوشاں ہے۔ اللہ جل مجدہ کی خوشنودی کے لیے ماں اور بچے کے امراض کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے۔ ان حفاظتی مراکز/ کلینکس میں پڑھا لکھا سٹاف اور بہترین ڈاکٹرز موجود ہوتے ہیں۔[4]

### 4۔ بلڈ بینک اور تھیلیسیمیا مرکز

تھیلیسیمیا ایک لاعلاج مرض ہے جس کے سدِ باب کے لیے سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ برسرِ پیکار ہے۔ اسی مقصد کے لیے ٹرسٹ نے بچوں کے خون کے تبادلے کے لیے بلڈ بینک اور تھیلیسیمیا مرکز قائم کیا ہے۔ اس میں سینکڑوں بچے ہر مہینے علاج کرواتے ہیں۔ یہ ساری خدمت خالصتاً اللہ کی رضا کے لیے کی جاتی ہے۔[5]

### 5۔ طبّی سامان/ آلات (Medical Equipments)

ضرورت مند مریضوں کو مفت دوائیاں اور آلات دیئے جاتے ہیں۔ ان آلات میں آکسیجن سیلنڈر، دوا کو بھاپ میں تبدیل کرنے والا آلہ، ہسپتال کے بستر، اسٹریچر، وہیل چیئرز اور چلنے والی چھڑیاں شامل ہیں۔ ضرورت مند اور کم آمدن افراد

کو عارضی یا مستقبل میں استعمال کے لیے قابل واپسی رقم کے بدلے سامان دیا جاتا ہے۔[6]

### 6۔ حجامہ (Cupping Therapy)

یہ ختم المرسلین حضرت محمد ﷺ کا طریقہ علاج ہے۔ مشرقی ماہرینِ کلینکس کے صاف ستھرے ماحول میں مرد و زن کا الگ الگ علاج کیا جاتا ہے۔ حجامہ سے پہلے مریض کی باقاعدہ طبّی معلومات حاصل کی جاتی ہے اور پھر جسمانی چیک اپ کیا جاتا ہے۔ مریضوں کو قابل علاج امراض اور حجامہ کے فوائد کی فہرست بھی دکھائی جاتی ہے۔[7]

### 7۔ لیبارٹری کی سہولت (Laboratory Facilities)

یہ لیبارٹری جدید ترین اور اعلیٰ معیار کی مشینوں اور آلات پر مشتمل ہے۔ امراض کی تشخیص کے لیے تجربہ کار ڈاکٹرز اور ماہر عملہ موجود ہوتا ہے۔ اس سے 300 سے زائد نادار مریض مستفید ہوتے ہیں۔ اس میں کیے جانے والے ٹیسٹوں میں ایچ بی ڈی، ڈی این اے، پی سی آر، ایچ سی وی، آر این اے، اسپیشل ہارمونز ٹیسٹ اور ایلیسا ٹیسٹ شامل ہیں۔ روزانہ 100 سے زائد مریضوں کا جدید مشینوں کے ذریعے چیک کیا جاتا ہے۔ (ان مشینوں کے نام بعد میں دیکھیں جائیں گے)۔

### 8۔ ایکسرے اور الٹرا ساؤنڈ (X.rays and Ultrasound)

شعبہ شعاعیات میں ایم اے 650 ایکسرا یونٹ اور ایمرجنسی کے لیے موبائل 50 ایم اے ایکسرے اور دل کا ایکسرا (Echocardiography) کیا جاتا ہے۔[8]

### 9۔ موبائل طبّی مرکز (Mobile Healthcare Services)

موبائل طبّی ٹیم ملک کے دور دراز علاقوں میں غریب اور نادار لوگوں کے علاج کے لیے سفر کرتی ہے۔ قدرتی آفات سے متاثرہ اور بیمار افراد جو ہسپتال نہیں جا سکتے ان کا علاج اس سروس کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ یہ خدمت ان کے گھروں تک دی جاتی ہے۔[9]

### 10۔ تعلیم اور سیلانی ویلفیئر

سیلانی ویلفیئر ملک کی شرحِ خواندگی بڑھانے کے لیے بھی کوشاں ہے۔ یہ ٹرسٹ اسلامی، فنی اور جدید تعلیم فراہم کرتا ہے۔ اس میں سیلانی اسکولنگ سسٹم، ووکیشنل ٹریننگ، موٹر سائیکل چلانے کی تربیت، ٹیکسٹائل ٹریننگ پروگرام، ٹیکنکل ایجوکیشن، سیلانی ماس آئی ٹی ٹریننگ، مصنوعی ذہانت اور کمپیوٹنگ، مدرسہ فیضان مشتاق، آن لائن قرآن اکیڈمی اور اکاؤنٹنگ اور فنانس کی تعلیم و تربیت شامل ہے۔

### 11۔ سیلانی سکولنگ سسٹم (Schooling System)

سیلانی نیٹ ورک لاکھوں طلبہ کو پرائمری اور سیکنڈری سطح کی تعلیم مفت دے رہا ہے۔ یہاں سے فارغ التحصیل

غریب خاندانوں کے افراد ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ٹرسٹ نے سیلانی اے آئی محسن اکیڈمی کا آغاز بھی کر دیا ہے۔ اس اکیڈمی میں بین الاقوامی معیار کی تعلیم دی جا رہی ہے۔[10]

### 12۔ پیشہ وارانہ تربیت (Vocational Training)

سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ نہ صرف مچھلی کھانے بلکہ مچھلی کا شکار کرنے کا بھی طریقہ سکھاتا ہے۔ یہ تنظیم بے ہنر افراد کو ہنر سکھا کر اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل بناتی ہے۔ اسی مقصد کے لیے سیلانی اور کراؤن موٹر بائیک ٹریننگ ورکشاپ موجود ہے جہاں کم پڑھے لکھے لوگوں کو موٹر سائیکل مکینک بنایا جاتا ہے۔ کورس کے کامیاب طلبہ کو ملازمت بھی جاتی ہے۔[11]

### 13۔ ٹیکسٹائل ٹریننگ پروگرام

اس پروگرام میں بہتر روزگار کے مواقع کے لیے عورتوں کو ٹیکسٹائل ٹریننگ دی جاتی ہے۔ عورتوں کو 20 سے 45 ایام پر مشتمل ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق کورسز کرائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد انہیں اچھی ٹیکسٹائل انڈسٹری میں ملازمت بھی دلوائی جاتی ہے۔ اس کورس کے دوران ان عورتوں کو پک اینڈ ڈراپ، راشن اور ان کے خاندان کے لیے اشیاء فراہم کی جاتی ہے۔[12]

### 14۔ موبائل ریپیرنگ ٹریننگ

ملک کی غربت میں کمی کے لیے موبائل ریپیرنگ کورسز کروائے جاتے ہیں۔ اس کا مقصد افراد کا باروزگار ہونا ہے۔[13]

### 15۔ آر او پلانٹ ٹیکنیشن

یہ آر او پلانٹ کی ٹریننگ بھی دیتا ہے جس کا مقصد معاشرے کے افراد میں اپنی عزت کے لیے اپنے روزگار کا سبب بن سکیں۔[14]

### 16۔ سیلانی ماس آئی ٹی ٹریننگ (Mass IT Technology)

دورِ حاضر انفارمیشن ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ اسی لیے یہ ٹرسٹ ملک کے نوجوانوں کی کمپیوٹر پروگرامنگ اسکلز سکھانے کے کوشاں ہے۔ اس وقت 75000 افراد کو مختلف ووکیشنل کورسز کروائے جا رہے ہیں جن میں ویب اور موبائل ایپلیکیشن ڈویلپمنٹ، سی سی این اے، گرافک ڈیزائننگ اور کمپیوٹر بیسڈ اکاؤنٹنگ شامل ہیں۔ کراچی، حیدر آباد، فیصل آباد، لاہور، راولپنڈی اور اسلام آباد میں یہ کورسز کروائے جا رہے ہیں۔ ان کا ہدف ایک ملین سافٹ ویئر ڈویلپرز کے ذریعے 100 بلین ڈالر سالانہ پاکستان کی معیشت میں اضافہ کرنا ہے۔

سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ آئی ٹی کے شعبے میں نوجوانوں کو جدید ہنر سکھانے اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے

کے لیے پرعزم ہے۔ ادارے کی خدمات میں مفت آئی ٹی کورسز، جیسے کہ کمپیوٹر پروگرامنگ، ویب ڈیزائننگ، اور دیگر تکنیکی مہارتیں شامل ہیں، جن کا مقصد نوجوانوں کو خود مختار بنانا اور انہیں تکنیکی دنیا میں آگے بڑھانا ہے

**17۔ سیلانی ویلفیئر کی آئی ٹی میں نمایاں خدمات**

**مفت آئی ٹی تعلیم:** مختلف تکنیکی شعبوں میں مفت کورسز فراہم کرنا۔

**جدید ہنر کی تربیت:** کمپیوٹر پروگرامنگ، ویب ڈیزائننگ، اور آئی ٹی سے متعلق دیگر مہارتیں سکھانا۔

**روزگار کے مواقع:** طلباء کو تربیت کے بعد روزگار کے مواقع پیدا کرنا۔

**نوجوانوں کو خود مختار بنانا:** جدید ٹیکنالوجی سکھا کر انہیں بااختیار بنانا۔

**18۔ سیلانی جاب بینک**

سیلانی ویلفئیر نے ایک جاب بینک متعارف کرایا ہے جس کے تحت تعلیم یافتہ اور ہنر مند پاکستانی نوجوانوں کو نہ صرف پاکستان میں بلکہ بیرون ملک بھی مستند روزگار فراہم کیا جارہا ہے۔

**19۔ مصنوعی ذہانت اور کمپیوٹنگ: صدارتی منصوبہ (PIAIC)**

یہ منصوبہ سابقہ صدرِ پاکستان ڈاکٹر عارف نے علوی نے سیلانی ٹرسٹ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور پانا کلاؤڈ کے اشتراک سے بنایا۔ یہ ملک کے نوجوانوں کو آئی ٹی میں ماہر بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے اس کے پروگرام میں مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، بلیک چین اور انٹرنیٹ آف تھنگز شامل ہیں۔ یہ آن لائن ہونے کی وجہ سے یہ سہولت کم و بیش پورے ملک میں موجود ہے۔[15]

**20۔ اسلامی تعلیم (Islamic Education)**

سیلانی ویلفیئر دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کے لیے بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ اس میں مدرسہ فیضان مشتاق، SBIL اور آن لائن قرآن پاک اکیڈمی شامل ہیں۔

**مدرسہ فیضان مشتاق**

یہ مدرسہ پورے پاکستان کے لیے تعلیمِ قرآنِ حکیم، تجوید، تفسیر اور تعلیماتِ اسلام پر کے لیے مختص ہے۔

**آن لائن قرآن اکیڈمی (Online Quran Academy)**

یہ مسلمانوں کے بچوں کے لیے مفت دینی تعلیم کی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔ اس اکیڈمی کے ذریعے اندرون اور بیرونِ ملک مسلمانوں کے بچوں کو مع تجوید قرآن پاک سکھایا جارہا ہے۔ یہ سہولت بچوں اور بڑوں سب کے لیے ہے۔[16]

**21۔ اکاؤنٹنگ اور فنانس (Accounting and Finance)**

اس میں SBIL(School of Business and Islamic Leader Ship) شامل ہے۔ سیلانی ویلفیئر واحد ٹرسٹ ہے جو مونٹیسوری سے سی اے تک تعلیم دے رہا ہے۔ SBIL میں اے سی سی اے، ایف آئی اے، سی اے اور دوسری پیشہ ورڈ گریاں کرائی جاتی ہے۔ یہ منصوبہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے تصدیق شدہ ہے۔[17]

### 22۔خوراک(Food)

سیلانی ویلفیئر نادار اور غرباء کو مختلف قسم کی خوراک کی سہولت مہیا کر رہا ہے۔اس میں فیملی سپورٹ راشن، سیلانی دستر خوان، سیلانی ناشتہ، گوشت کی تقسیم، موبائل دستر خوان، میزبان سیلانی اور سیلانی بینک شامل ہیں۔

**سیلانی دستر خوان:** یہ دستر خوان پورے پاکستان میں مفت کھانے کے لیے لگائے جاتے ہیں۔[18]

**سیلانی ناشتہ:** کوئی نادار اور غریب دن کا آغاز بھوکے پیٹ نہ کرے، اس مقصد کے لیے ناشتہ تقسیم کیا جاتا ہے۔

**صدقہ گوشت کی تقسیم:** اس کے ذریعے غرباء میں گوشت تقسیم کیا جاتا ہے۔[19]

**موبائل دستر خوان:** پورے پاکستان میں موبائل دستر خوان کے ذریعے نادار افراد کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔[20]

**میزبان سیلانی:** سیلانی ٹرسٹ اپنے دفاتر کے سامنے FIXIT اور ہیئر کے تعاون سے فریج کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔اس میں لوگ اپنی اشیاء کو ٹھنڈا اور محفوظ رکھنے کے لیے جمع کرواتے ہیں، ضرورت پڑنے پر اپنی اشیاء وصول کر لیتے ہیں۔[21]

**سیلانی روٹی بینک:** اس پروگرام کے تحت ضرورت مند خاندانوں کو ضروری سامان مہیا کیا جاتا ہے۔[22]

### 23۔صدقہ جاریہ(Sadiqah Jariah)

صدقہ جاریہ کے کاموں میں مساجد کی تعمیر، سیلانی شجر کاری اور پینے کا صاف پانی شامل ہیں۔

**پینے کا صاف پانی:** پانی پورے پاکستان میں پینے کے صاف پانی کی سہولت موجود ہے۔[23] اس میں (RO water Plant)، پانی ٹھنڈا کرنے والے کولر (Water Chiller) اور کنواں کھدوائی شامل ہیں۔[24]

**سیلانی شجر کاری:** اس میں شجر کاری کی جاتی ہے۔[25]

### سماجی فلاح و بہبود( Social Welfare)

اس میں کفالت پروگرام اور شادی بیاہ کا اہتمام، مائیکرو فنانس، سیلانی ملازمت بینک، لیپ ٹاپ فنانسنگ اسکیم[26] اور ہاؤسنگ اسکیم کے تحت ضرورت مندوں کی مدد کی جارہی ہے۔

**شادی بیاہ میں مدد:** اس پروگرام کے تحت ضرورت مند خاندانوں کی شادیوں کے اخراجات دیئے جاتے ہیں۔[27]

**مائیکرو فنانس (اپنا کاروبار):** اس کے ذریعے کاروبار کے لیے انفرادی طور پر رقم دی جاتی ہے۔[28]

**24۔ سیلانی ملازمت بینک:** اس کے ذریعے بلا معاوضہ افراد کی ملازمت اور روزگار کے حوالے سے رہنمائی کی جاتی ہے۔اور مہارتیں سیکھنے کے مواقع بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔[29]

**25۔ہاؤسنگ اسکیم:** پاکستان میں لاکھوں لوگ گھر کی سہولت سے محروم ہیں۔ یہ ٹرسٹ کرایہ اور مکان کی مرمتی کی سہولت بھی دیتا ہے۔اب تک ایک ہزار گھر تعمیر اور مرمت کیے جا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں! نادار لوگوں کو آسان اقساط پر فلیٹس مہیا کیے جا رہے ہیں۔[30]

**26۔ سیلانی اور ناگہانی آفات(Diaster Aid)**

اس حوالے سے درج ذیل پروگرام کے تحت متاثرہ افراد کی مدد کی گئی ہے:۔

**کورونا ریلیف پروگرام:** متاثرہ افراد کو فوری خوراک، طبّی امداد اور مالی مدد فراہم کی گئی ہے۔[31]

**بارش اور سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد:** یہ ٹرسٹ پورے پاکستان میں آفات زدہ افراد اور خاندانوں کو خوراک، پناہ گاہ اور ایمرجنسی امداد جیسی خدمات فراہم کرتا ہے۔[32]

**آگ بجھاؤ اور ریسکیو امداد:** اس حوالے سے پورے پاکستان میں فوری امدادی کاروائی، انفرادی طور پر متاثرہ افراد کی مدد اور آگ بجھائی جاتی ہے۔[33]

**27۔ سیلانی احساس پروگرام(Saylani Ehsaas)**

**سیلانی اور احساس لنگر خانہ:** اس پروگرام کے تحت ضرورت مندوں کو مفت کھانا دیا جاتا ہے۔[34]

**احساس پناہ گاہ:** اس میں پورے پاکستان میں بے گھر اور غریبوں کو پناہ گاہیں مہیا کی جاتی ہیں۔اس میں متعلقہ افراد کی عزت اور سکون کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔[35]

**کوئی بھوکا نہ سوئے:** اس پروگرام میں روزانہ ہزاروں افراد کو مفت کھانا دیا جاتا ہے۔[36]

**خلاصہ**

پاکستان میں غربت ایک اہم سماجی و معاشی مسئلہ ہے جو ملک کی ترقی اور معاشی استحکام میں بڑی رکاوٹ ہے۔اس مسئلے کے حل کے لیے حکومتی کوششوں کے ساتھ ساتھ غیر سرکاری فلاحی ادارے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان کا ایک نمایاں فلاحی ادارہ ہے جو ڈاکٹر محمد بشیر فاروق قادری کی سرپرستی میں غریب اور مستحق افراد کی مدد کے لیے مختلف سماجی خدمات انجام دے رہا ہے۔اس تحقیقی مطالعے میں سیلانی ویلفیئر کی ان خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے جو غربت کے خاتمے اور پاکستان میں مستحکم معیشت کے قیام میں ممد و معاون ثابت ہو رہی ہیں۔ سیلانی ویلفیئر کی جانب سے مفت کھانے کی فراہمی، تعلیم و تربیت کے پروگرام، آئی ٹی اور فنی مہارت کی تربیت، صحت کی سہولیات، صاف پانی کی فراہمی اور

روزگار کے مواقع پیدا کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ یہ خدمات نہ صرف ضرورت مند افراد کی بنیادی ضروریات کو پورا کرتی ہیں بلکہ انہیں خود کفیل بنانے میں بھی مدد دیتی ہیں۔ اس تحقیق سے واضح ہوا ہے کہ سیلانی ویلفیئر جیسے ادارے معاشرے میں غربت کو کم کرنے، انسانی وسائل کی فراہمی اور معاشی استحکام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ حکومت، نجی شعبہ اور فلاحی ادارے باہمی تعاون کے ذریعے ایسے پروگراموں کو مزید وسعت دیں تاکہ پاکستان میں غربت کے خاتمے اور پائیدار معاشی ترقی کے امکانات کو مضبوط بنایا جا سکے۔

## نتائج (Findings)

1 . تحقیق سے معلوم ہوا کہ سیلانی ویلفیئر پاکستان غربت کے خاتمے کے لیے ایک اہم فلاحی ادارے کے طور پر کام کر رہا ہے جو غریب اور مستحق افراد کو بنیادی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

2 . سیلانی ویلفیئر کے دستر خوان اور راشن کی تقسیم جیسے پروگرام ہزاروں ضرورت مند افراد کو روزانہ خوراک فراہم کر کے غذائی قلت کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

3 . ادارہ تعلیم اور ہنر مندی کے فروغ کے لیے آئی ٹی ٹریننگ، ووکیشنل کورسز اور تعلیمی پروگرام فراہم کرتا ہے جس سے نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع ملتے ہیں۔

4 . سیلانی ویلفیئر کے صحت سے متعلق منصوبے جیسے مفت طبّی کیمپ، اسپتال اور ادویات کی فراہمی کم آمدنی والے افراد کو صحت کی سہولیات مہیا کرتے ہیں۔

5 . روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے رکشہ اسکیم، چھوٹے کاروبار کی مدد اور جاب پلیسمنٹ جیسے اقدامات افراد کو خود کفیل بنانے میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔

6 . تحقیق سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ سیلانی ویلفیئر کی سرگرمیاں نہ صرف غربت میں کمی کا باعث بنتی ہیں بلکہ معاشرے میں معاشی استحکام اور سماجی ہم آہنگی کو بھی فروغ دیتی ہیں۔

7 . تاہم غربت کے مکمل خاتمے کے لیے فلاحی اداروں کے ساتھ ساتھ حکومتی پالیسیوں اور دیگر اداروں کی مشترکہ کوششیں بھی ضروری ہیں۔

## تجاویز (Recommendations)

1 . حکومت کو چاہیے کہ سیلانی ویلفیئر جیسے فلاحی اداروں کے ساتھ تعاون بڑھا کر غربت کے خاتمے کے پروگراموں کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

2 . تعلیم اور ہنر مندی کے پروگراموں کو مزید وسعت دی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع حاصل ہو سکیں۔

3 . دیہی علاقوں میں بھی سیلانی ویلفیئر کے منصوبوں کو پھیلایا جائے کیونکہ وہاں غربت کی شرح نسبتاً زیادہ ہے۔

4 . فلاحی پروگراموں میں جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل نظام کو شامل کیا جائے تاکہ امداد کی فراہمی زیادہ شفاف اور مؤثر ہو۔

5 . نجی شعبے اور مخیر حضرات کو فلاحی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی جائے تاکہ غربت کے خاتمے کے لیے مزید وسائل فراہم ہو سکیں۔

6 . پائیدار معاشی ترقی کے لیے چھوٹے کاروبار، مائیکروفنانس اور ہنر مند افراد کی سرپرستی جیسے پروگراموں کو فروغ دیا جائے۔

7 . فلاحی اداروں کی کارکردگی کا باقاعدہ تحقیقی جائزہ لیا جائے تاکہ ان پروگراموں کی افادیت کو بہتر بنایا جاسکے۔

---

[1] https://saylaniwelfare.com/about/saylani-introduction
[2] https://www.express.pk/story/2467662/sylany
[3] https://saylaniwelfare.com/services/health/health-department
[4] https://saylaniwelfare.com/services/health/mother-and-child-health-care-center
[5] https://saylaniwelfare.com/services/health/blood-bank-and-thalassemia-center
[6] https://saylaniwelfare.com/services/health/medical-equipment
[7] https://saylaniwelfare.com/services/health/hijama
[8] https://saylaniwelfare.com/services/health/x-rays-and-ultrasound
[9] https://saylaniwelfare.com/services/health/mobile-healthcare-clinic
[10] https://saylaniwelfare.com/services/education/schooling-system
[11] https://saylaniwelfare.com/services/education/vocational-training/motorbike-mechanic-training
[12] https://saylaniwelfare.com/services/education/vocational-training/textile-training-program
[13] https://saylaniwelfare.com/services/education/vocational-training/mobile-repairing
[14] https://saylaniwelfare.com/services/education/vocational-training/ro-plant-technician
[15] https://saylaniwelfare.com/services/education/technical-education/piaic
[16] https://saylaniwelfare.com/services/education/islamic-education/online-quran-academy
[17] https://saylaniwelfare.com/services/education/accounting-and-finance/sbil
[18] https://saylaniwelfare.com/services/food/saylani-dastarkhwan
[19] https://saylaniwelfare.com/services/food/sadqa-meat-distribution
[20] https://saylaniwelfare.com/services/food/mobile-dastarkhwan
[21] https://saylaniwelfare.com/services/food/mezban-saylani
[22] https://saylaniwelfare.com/services/food/saylani-roti-bank
[23] https://saylaniwelfare.com/services/sadiqah-jariah/clean-drinking-water
[24] https://mail.saylaniwelfare.com/about/saylani-introduction

https://mail.saylaniwelfare.com/services/sadiqah-jariah/plantation[25]
The details are not available on the website.[26]
https://saylaniwelfare.com/services/social-welfare/wedding-support-program[27]
https://saylaniwelfare.com/services/social-welfare/apna-karoobar[28]
https://saylaniwelfare.com/services/social-welfare/saylani-job-bank[29]
https://saylaniwelfare.com/services/social-welfare/housing[30]
https://saylaniwelfare.com/services/disaster-aid/corona-relief-program[31]
https://saylaniwelfare.com/services/disaster-aid/rain-relief-program[32]
https://saylaniwelfare.com/services/disaster-aid/fire-fighting-and-rescue-services[33]
https://saylaniwelfare.com/services/saylani-ehsaas/langar-khana[34]
https://saylaniwelfare.com/services/saylani-ehsaas/panah-gaah[35]
https://saylaniwelfare.com/services/saylani-ehsaas/koi-bhooka-na-soyega[36]